سوال

(608) زید فوت ہوا اور تین لڑکے چھوڑ گیا الخ

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

زید فوت ہوا اور تین لڑکے چھوڑ گیا۔ دو بھائیوں نے ایک کے ساتھ بے انصافی کی اور پورا حق نہ دیا۔ وہ ناراض ہو کر دوسری جگہ چلا گیا۔ اور وہاں جا کر کسب حلال سے شادی بھی کرائی جائداد بھی پیدا کی پھر دو عورتیں اور تین لڑکیاں چھوڑ کر مر گیا۔ اب وہ دونوں بھائی اپنے فوت شدہ بھائی کی وراثت طلب کرتے ہیں کیا متوفی کی جائداد میں بھائیوں کو حق پہنچتا ہے۔ جب کہ اس کی دو بیویاں اور تین لڑکیاں موجود ہیں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

متوفی کی جائداد میں سے آٹھواں حصہ دونوں بیویوں کو اور دو ثلث تینوں لڑکیوں کو تقسیم ہو کر باقی جائداد کے وارث اس کے بھائی ہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 2 ص 565

محدث فتویٰ